سوال

(322) سوکن کی لعنت ملامت اوراس سے بدکلامی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب کوئی عورت کسی شخص کی دوسری بیوی ہواور پہلی بیوی اسے دھمکیاں دے اسے لعنت ملامت کرے اوراسے سلام تک نہ کرے ،لیکن جب لوگوں کے سامنے ہوتو منہ رکھنے کےلیے سلام یاکچھ کلام کرلے تواس حالت میں کیاکرنا چاہیے ؟میں ایک شخص کی نوبرس سے دوسری بیوی ہوں اورپہلی بیوی کاشادی کاعرصہ مجھ سے بھی زیادہ ہے ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اس عورت کوچاہیے کہ وہ صبر کرے اوربرائی کاجواب برائی سے نہ دے بلکہ اس کے ساتھ نرم رویہ رکھتے ہوئے اس کے جذبات کوٹھنڈاکرے ۔اوراگرممکن ہوسکے توآپ اسے ایک موثرقسم کاخط لکھیں جس میں پیارومحبت کااظہارہویہ بہت ہی بہتر ہے ۔اگروہ پھربھی ویسا ہی رویہ رکھے تواس کاوبال آپ پر نہیں ۔آپ کوچاہیے کہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان پر عمل کرتی رہیں ۔

"برائی کوبھلائی سے روکوتیجتاًوہی جوآپ کادشمن ہے آپ کادلی دوست بن جائے گا۔"(فصلت :34)

اللہ تعالیٰ ہی سیدھی راہ کی طرف رہنمائی کرنے والاہے ۔(شیخ عبدالکریم)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح وطلاق

ص408

محدث فتویٰ